# RB-89.3 مکمل کرنے کے لیے ہدایات

**برائے جواب دہندہ:** جواب گزار کو نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کی فراہمی کے بعد 30 تقویمی ایام میں نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کا استرداد جمع کروانا لازم ہے۔ ایسے کسی استرداد کو بورڈ کی جانب سے اسے وصول کرنے کی اصل تاریخ کو ہی اسے بورڈ کے پاس جمع کروایا گیا تصور کیا جائے گا۔ 12 NYCRR 300.13(c) کے مطابق، جو تمام استردادوں کے 12 NYCRR 300.13(b) میں موجود تقاضوں کے مطابق ہونا درکار ہوتا ہے، کسی بھی استرداد کو بورڈ کے پاس صرف مرکزی ڈاک پتے (P.O. Box 5205, Binghamton, NY 13902-5205)، دعوؤں کے لیے مرکزی فیکس نمبر (1-877-533-0337)، دعوؤں کے لیے مرکزی ای میل ایڈریس (**wcbclaimsfiling@wcb.ny.gov**)، یا WCB کے ویب اپ لوڈ لنک (**https://wcbdoc.services.conduent.com/**) کے ذریعے جمع کروایا جا سکتا ہے۔ ورکرز کمپنسیشن کے امتیازی سلوک کے دعوؤں میں استردادوں کو بورڈ کے پاس استرداد کو Board's Discrimination Unit, Riverview Center - 150 Broadway, Menands, NY 12204 پر بذریعہ ڈاک جمع کروانا لازم ہے۔ معذوری کے وظائف (کام سے غیر متعلقہ چوٹوں یا بیماریوں کے سبب اجرتوں سے محرومی کے دعوؤں) کے لیے جمع کروائے گئے دعوؤں میں استردادوں کو بورڈ کے پاس Disability Benefits Bureau, PO Box 9029, Endicott, NY 13761-9029 پر استرداد کو بذریعہ ڈاک جمع کروانا لازم ہے۔ 12 NYCRR 300.13(b)(1)(iv) کے مطابق اس استرداد کی نقل تمام ضروری متعلقہ فریقین کو فراہم کرنا لازمی ہے۔ استرداد، تاوقتیکہ وہ کسی غیر نمائندگی یافتہ دعویدار کی جانب سے ہوں، چیئر کی جانب سے وضع کردہ فارمیٹ میں ہونا لازم ہیں، استرداد کے تمام سیکشنز کو مکمل کرنا لازمی ہے، اور کسی منسلکہ مختصر قانونی نکتے کا 12 NYCRR 300.13(b)(1)(i) کی تعمیل کرنا لازمی ہے۔ فارم میں درخواست کردہ تمام معلومات فراہم کرنے میں ناکامی کا نتیجہ استرداد مسترد ہونے کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

**نوٹ کریں:** نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کا استرداد بورڈ آفس میں جا کر جمع کروانے کی صورت میں قبول نہیں کیا جائے گا۔ دفتر برائے جنرل کاؤنسل کو بذریعہ ڈاک ارسال کردہ یا براہ راست جمع کروائے گئے استردادوں کو بورڈ کو جمع کروائے گئے استرداد نہیں سمجھا جائے گا اور انہیں زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

1. **WCB کیس نمبر (نمبرز)۔** زیر اپیل دعوے (دعوؤں) کا (کے) WCB کیس نمبر (نمبرز) درج کریں۔ WCB کیس نمبر (نمبرز) میں ورکرز کمپنسیشن، امتیازی سلوک، معذوری کے وظائف، بامعاوضہ خاندانی رخصت کے حوالے سے امتیازی سلوک، رضا کار آگ بجھانے کا عملہ، اور رضاکار ایمبولنس ورکر کے وظائف کے لیے کیس نمبر شامل ہے۔
2. **کیریئر کیس نمبر (نمبرز)۔** زیر اپیل دعوے (دعوؤں) کا (کے) کیریئر کیس نمبر (نمبرز) درج کریں۔ اس سیکشن/آئٹم کا اطلاق امتیازی سلوک کے دعوؤں پر نہیں ہوتا۔
3. **کیریئر کوڈ۔** زیر اپیل دعوے کے لیے بیمہ کار کا کیریئر کوڈ درج کریں۔ اس سیکشن/آئٹم کا اطلاق امتیازی سلوک کے دعوؤں پر نہیں ہوتا۔
4. **کیریئر کا نام۔** زیر اپیل دعوے کے لیے کیریئر کا نام درج کریں۔ اس سیکشن/آئٹم کا اطلاق امتیازی سلوک کے دعوؤں پر نہیں ہوتا۔
5. **چوٹ/رخصت کی تاریخ۔** چوٹ لگنے، یا بامعاوضہ خاندانی رخصت شروع ہونے کی تاریخ درج کریں (اگر بامعاوضہ خاندانی رخصت نہیں لی گئی، تو امتیازی سلوک کی شکایت کی تاریخ درج کریں)۔
6. **دعویدار کا نام۔** ملازم کا مکمل نام درج کریں۔
7. **دعویدار کا پتہ۔** ملازم کی اسٹریٹ کا پتہ، شہر، ریاست اور ZIP کوڈ، اور اگر مختلف ہو تو ڈاک پتہ درج کریں۔
8. **استرداد کیا گیا ہے بطرف۔** نشاندہی کریں کہ کون سا فریق یہ استرداد جمع کروا رہا ہے۔
9. **درخواست کی قسم جس کا استرداد جواب دیتا ہے۔** نشاندہی کریں کہ آیا استرداد 1) لازمی مکمل بورڈ کے جائزے، یا 2) اختیاری مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کا جواب ہے۔
10. **میمورینڈم برائے بورڈ پینل کا فیصلہ جمع کروانے کی تاریخ۔** زیر اپیل فیصلے کی تاریخ درج کریں۔
11. **فراہمی کی تاریخ۔** جواب دہندہ کو نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کی فراہمی کی تاریخ درج کریں۔
12. **درخواست کردہ نتیجہ۔** نشاندہی کریں کہ آیا استرداد 1) نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کو 12 NYCRR 300.13(b)(4) کے تحت مسترد کیا جانا چاہیئے، 2) فیصلے کا میمورینڈم درست طور پر فراہم کیا جانا چاہیئے اور اسے درست کرنے کے طریقے، 3) فیصلے کے میمورینڈم کی مکمل طور پر تصدیق ہونی چاہیئے، یا 4) فیصلے کے میمورینڈم میں تدوین ہونی چاہیئے اور اس کی تدوین کے طریقے۔
13. **مسائل اور وجوہات کا جواب۔** درخواست میں پیش کردہ مسائل اور وجوہات کے جواب میں ایک مختصر بیان فراہم کریں، جو حقیقت یا قانون کی کسی مبینہ غلط بیانیوں کی شناخت کرتا ہو۔ 12 NYCRR 300.13(b)(1)(i) and (c) میں واضح کردہ کے مطابق، جواب دہندہ طوالت کے حساب سے آٹھ (8) تک صفحات میں، 8.5 انچ ضرب 11 انچ کے کاغذ پر، ایک انچ کے حاشیوں کے ساتھ، 12 پوائنٹ فونٹ استعمال کر کے مختصر قانونی نکات منسلک کر سکتا ہے۔ آٹھ (8) صفحات سے زیادہ طویل مختصر نکات کو زیر غور نہیں لایا جائے گا، تاوقتیکہ جواب دہندہ تحریری طور پر واضح کرے کہ اپیل کی بنیاد کو کیوں آٹھ (8) صفحات میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ کسی بھی صورت میں پندرہ (15) سے زائد صفحات پر مشتمل مختصر نکات کو زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

14. **ریکارڈ.** اگر درخواست میں حوالہ دیا گیا ریکارڈ جائزے کے لیے مکمل ریکارڈ پر مشتمل ہے، تو اس سیکشن کو خالی چھوڑ دیں۔ اگر درخواست میں حوالہ دیا گیا ریکارڈ جائزے کے لیے مکمل ریکارڈ پر مشتمل نہیں ہے، تو تاریخ اور/یا دستاویز کے ID نمبر (نمبرز)، اضافی سماعتوں، دستاویزات، تحریری ثبوت، دیگر ثبوت اور WCB کی فائل میں موجود ٹرانسکرپٹس کے ذریعے شناخت کریں جو درخواست میں پیش کردہ اس (ان) مسئلے (مسائل) اور وجہ (وجوہات) سے متعلقہ ہیں جن کا حوالہ درخواست میں نہیں دیا گیا۔ درخواست جمع کرواتے یا استرداد جمع کرواتے وقت بورڈ کی فائل میں موجود ایسی کسی بھی دستاویزات کو نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کے استرداد کے ساتھ شامل یا منسلک نہ کریں۔ بورڈ 12 NYCRR 300.13(b)(1)(ii) اور (c) کے مطابق، درخواست یا اس استرداد کو جمع کرواتے وقت بورڈ کی فائل میں پہلے سے موجود دستاویزات کو جمع کروانے والے جواب دہندہ کے یا جواب دہندہ کے قانونی نمائندے کی جانب سے استرداد کو مسترد کر سکتا ہے۔

15. **تصدیق.** تیار کنندہ پر فارم پر دستخط کرنا اور تاریخ درج کرنا (نیز اپنا نام، عہدہ، ٹیلی فون نمبر اور پتہ فراہم کرنا) لازمی ہے جو استرداد کے قانونی اور اس حقیقت کی بنیاد پر اچھی نیت کی تصدیق کرتا ہو، کہ اسے موزوں وجوہات کے سبب جمع کروایا گیا تھا، اور فراہمی کا ثبوت کے سیکشن میں ضروری متعلقہ فریقین کو فراہم کیا گیا تھا۔

16. **فراہمی کا ثبوت.** 12 NYCRR 300.13(b) (2)(iv) اور (c) کے مطابق اس استرداد کی نقل تمام ضروری متعلقہ فریقین کو فراہم کرنا لازمی ہے۔ ضروری متعلقہ فریق کو موزوں طور پر فراہمی میں ناکامی کو نقص پذیر فراہمی سمجھا جائے گا اور استرداد کو بورڈ کی جانب سے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔ کیریئر، ذاتی بیمہ یافتہ آجر، یا دیگر ادائیگی کنندہ یا ممکنہ ادائیگی کنندہ کی جانب سے نظر ثانی/بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کا استرداد جمع کروائے جانے پر، فراہمی کی ذمہ داری دعویدار، دعویدار کے قانونی نمائندے، اور دیگر ضروری متعلقہ فریقین پر ہو گی۔ اگر جواب دہندہ کی جانب سے نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کی فراہمی کے تیس (30) دنوں کے اندر مکمل کر لی جاتی ہے تو فراہمی کو بروقت سمجھا جاتا ہے۔ یا تو تصدیق نامے یا بیان حلفی کو مکمل کیا جانا لازمی ہے اور اس میں بورڈ کو جمع کروائے جانے والے استرداد کا طریقہ، اورتاریخ شامل ہونا لازمی ہے۔ جواب دہندہ بورڈ کے پاس استرداد جمع کروانے کے لیے صرف ایک طریقہ استعمال کرے گا۔ اگر جواب دہندہ ڈپلیکیٹ استرداد جمع کرواتا ہے، تو ایسے ڈپلیکیٹ اندراجات کو کسی موزوں وجوہات کے بغیر مسئلے کو سامنے لانا اور جاری رکھنا سمجھا جائے گا، اور WCL § 114-a(3) کے تحت جواب دہندہ کو جائزوں کا مستحق بنا سکتا ہے۔ مکمل کردہ تصدیق نامے یا بیان حلفی میں فراہم کردہ کاغذات، فراہم کردہ متعلقہ فریقین کے نام، ہر متعلقہ فریق کے لیے تاریخ اور فراہمی کے طریقے کی وضاحت ہونا، اور یہ شامل ہونا لازمی ہے کہ نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کی فراہمی کے 30 دنوں کے اندر فراہمی مکمل کی گئی تھی۔ بیان حلفی یا تصدیق نامے کا وہ حصہ مکمل کرنا قابل قبول نہیں جہاں اس میں فراہم کردہ افراد اور طریقہ "منسلکہ دیکھیں" کے ساتھ درج فہرست ہو۔ اگر کسی فریق کو فیکس، ای میل یا دوسرے کسی برقی ذرائع سے فراہمی کی گئی ہے، تو تصدیق نامے یا بیان حلفی میں ایک تصدیق شامل ہونا لازم ہے جو فراہمی حاصل کرنے والے فریق کی جانب سے ایسے ذرائع سے فراہمی وصول کرنے کی خصوصی اجازت کو ظاہر کرے گی [12 NYCRR 300.13(b)(2)(iv)(C) اور (c) دیکھیں]۔ استرداد ہر فریق کو ایک ہی انداز میں فراہم کیا جانا ضروری نہیں۔ تصدیق نامے پر تاریخ درج ہونا اور دروغ گوئی کی سزاؤں کے تحت اس پر دستخط کیا جانا لازم ہے۔ تصدیق نامہ صرف ایک اٹارنی ہی مکمل کر سکتا ہے۔ بیان حلفی کے حوالے سے حلف (دستخط) ناظر رجسٹری کے سامنے اٹھانا لازمی ہے۔

PO Box 5205
Binghamton, NY 13902-5205

www.wcb.ny.gov

NEW YORK STATE | Workers' Compensation Board

# نظر ثانی / مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کا استرداد

| 1. WCB کیس نمبر (نمبرز) | 2. کیریئر کیس نمبر (نمبرز) | 3. کیریئر کوڈ | 4. کیریئر کا نام | 5. چوٹ/رخصت کی تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

| 6. دعویدار کا نام | 7. دعویدار کا پتہ |
|---|---|
| | |

**8. یہ استرداد کیا گیا ہے بطرف:**

**9. یہ استرداد درخواست برائے (صرف ایک منتخب کریں) کے جواب میں ہے:**

☐ لازمی مکمل بورڈ کا جائزہ

☐ اختیاری مکمل بورڈ کا جائزہ

**10. درخواست جواب دہندہ کو** (mm/dd/yyyy) **کو فراہم کی گئی:**

**11. فیصلے کا میمورینڈم جمع کروانے کی تاریخ** (mm/dd/yyyy):

**12. یہ استرداد مخالفت کرتا ہے کہ:**

☐ نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کو مسترد کیا جانا چاہیئے۔

☐ فیصلے کے میمورینڈم کو پڑھنے کے لیے انتظامی طور پر درست کیا جانا چاہیئے: ______

☐ فیصلے کے میمورینڈم کی مکمل طور پر تصدیق کی جانی چاہیئے۔

☐ فیصلے کے میمورینڈم میں تدوین کی جانی چاہیئے بمطابق: ______

**13. مسائل اور وجوہات کا جواب.** (تفصیلات کے لیے ہدایات دیکھیں)

**14. ریکارڈ.** (تفصیلات کے لیے ہدایات دیکھیں)

**15. تصدیق.** اس دستاویزات پر ذیل میں فراہم کردہ جگہ پر دستخط کر کے، میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ یہ استرداد اچھی نیت کے ساتھ قانون اور حقیقت کی بنیاد پر ہے، اور اسے موزوں وجوہات کے سبب جمع کروایا گیا ہے، اور اصل پتہ، ای میل ایڈریس یا فیکس نمبر جہاں سروس پہنچائی جا سکتی تھی جو ذیل میں سروس کے تصدیق نامے یا بیان حلفی میں درج فہرست ہے، اس سمیت فراہمی کا طریقہ استعمال کر کے تمام ضروری فریقین کو فراہم کر دیا گیا ہے۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ ورکرز کمپنسیشن قانون موزوں وجوہات کے بغیر کارروائیوں کو مقرر کرنے یا جاری رکھنے کے لیے موزوں جرمانوں کا اختیار فراہم کرتا ہے۔

تیار کنندہ کے دستخط: ______ تیار کرنے کی تاریخ (mm/dd/yyyy): ______

نام پرنٹ کریں: ______

آفیشل عہدہ: ______ دن کے وقت کا فون #: ______

پتہ: ______



ورکرز کمپنسیشن بورڈ معذوریوں کے حامل افراد کو بلا امتیاز ملازمت اور خدمات فراہم کرتا ہے

# فراہمی کا ثبوت

## سیکشن 1

### تصدیق نامہ

ریاست نیو یارک، ________________________ کاؤنٹی ss: میں، ________________________ ایک اٹارنی ہوں اور مجھے ریاست نیو یارک کی عدالتوں میں قانون کی پریکٹس کے لیے شامل کیا گیا ہے۔ میں بذریعہ ہٰذا دروغ گوئی کی سزا کے تحت تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے ذیل میں سیکشن 2 میں بیان کردہ انداز میں نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کے استرداد کے لیے 12 NYCRR 300.13(c) کے تقاضے کے مطابق 12 NYCRR 300.13(b)(2)(iv) اور (3) میں طے کردہ جمع کروانے اور فراہم کرنے کے تقاضوں کی تعمیل کی ہے۔

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ ذیل میں طے کردہ کے مطابق، نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کے اس استرداد کی فراہمی، نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کے استرداد کے 30 تقویمی ایام کے اندر مکمل کر دی گئی تھی۔

تاریخ (mm/dd/yyyy):________________________ دستخط:________________________

نام پرنٹ کریں: ________________________

### بیان حلفی

ریاست نیو یارک، ________________________ کاؤنٹی ss: میں، ________________________، زیر حلف، عہد کرتا/کرتی اور کہتا/کہتی ہوں کہ: میں نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست پر درج فہرست دعوے (دعوؤں) کا/کی متعلقہ فریق نہیں ہوں اور میری عمر 18 سال سے زیادہ ہے۔ میں بذریعہ ہٰذا تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے ذیل میں سیکشن 2 میں بیان کردہ انداز میں نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کے استرداد کے لیے 12 NYCRR 300.13(c) کے تقاضے کے مطابق 12 NYCRR 300.13(b)(2)(iv) اور (3) میں طے کردہ جمع کروانے اور فراہم کرنے کے تقاضوں کی تعمیل کی ہے۔

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ ذیل میں طے کردہ کے مطابق، نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کے اس استرداد کی فراہمی، نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی درخواست کے استرداد کے 30 تقویمی ایام کے اندر مکمل کر دی گئی تھی۔

________________ کے ________________ دن میرے روبرو حلف اٹھایا گیا دستخط:________________________

نام پرنٹ کریں: ________________________

________________________

ناظر رجسٹری

## سیکشن 2

A. میں نے بورڈ کو **(تاریخ - mm/dd/yyyy)** ________________________ کو **(ایک طریقہ منتخب کریں)** کے ذریعے نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کا استرداد جمع کروایا ہے:

- ☐ P.O. Box 5205, Binghamton, NY 13902 پر ڈاک کے ذریعے
- ☐ 1-877-533-0337 پر فیکس کے ذریعے
- ☐ wcbclaimsfiling@wcb.ny.gov پر ای میل کے ذریعے
- ☐ WCB ویب اپ لوڈ لنک (https://wcbdoc.services.conduent.com) کے ذریعے
- ☐ **ورکرز کمپنیشن کا دعویٰ برائے امتیازی سلوک:** Discrimination Unit, Riverview Center - 150 Broadway, Menands, NY 12204 پر بذریعہ ڈاک
- ☐ **معذوری کے وظائف:** Disability Benefits Bureau, PO Box 9029, Endicott, NY 13761-9029 پر بذریعہ ڈاک

B. میں نے بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست **(تاریخ - mm/dd/yyyy)** ان کو فراہم کیں ________________________ (اگر ضرورت ہو تو اضافی شیٹس منسلک کریں):

نام: ________________ بذریعہ (طریقہ): ________________ بمقام (پتہ): ________________________

نام: ________________ بذریعہ (طریقہ): ________________ بمقام (پتہ): ________________________

نام: ________________ بذریعہ (طریقہ): ________________ بمقام (پتہ): ________________________

نام: ________________ بذریعہ (طریقہ): ________________ بمقام (پتہ): ________________________